ممتاز فلمز کا پیش کردہ

छोटे नवाब

چھوٹے نواب

اداکاران

امیتا - محمود - ہیلن

مینو ممتاز - جانی واکر

قیمت ۱/

زینت اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

چھوٹے نواب کے گانے

گانا نمبر ۱

کورس:۔ آم جھم، تام جھم۔ کالا لالا بادام جھم جھما جھم کارا
کبڈی دِھن تا را۔ سلطان بیگ آرا
آر گلی پار گلی ہے تو تو تو
دیگچی میں دال جلی ہے تو تو تو

لڑکا:۔ عبدل۔ شمشو۔ ادکش۔ ادیش
ہار ہو کہ جیت ہو کھیل میں ہو رہو مگن
کر کے آؤ سارے کام ہو تو تو
اسکے بعد روز شام ہو تو تو تو ۔ آم جھم ——

کورس:۔ بڑھ سکے یہ دوستی ایک امر میل ہو
بات کی بات ہو کھیل کا کھیل ہو
ہم وطن کے نونہال ہیں تو تو تو
بنکے اپنی ماں کے لال ہیں تو تو تو ۔ آم جھم ——

لڑکا:۔ ہم ادھر ہم ادھر اپنی دو ٹولیاں
ہم سے جنگ کا امن کی بولیاں
سیکھے ہم سے یہ جہاں ہے تو تو تو
دوستی کی یہ زبان ہے تو تو تو ۔ آم جھم ——

گانا نمبر ۲ لڑکا:۔ کیسا عجیب رنگ محفل بدلنے لگا
ہم بھالے نیا دور چلنے لگا

کوئی مثلِ شمع مسکرا کر چلا
رشک سے کوئی بجھ بجھ کے جلنے لگا
کوئی آنے کو ہے دل مچلنے لگا
کورس:- کوئی آنے کو ہے دل مچلنے لگا
لڑکا:- پہلو پہلو میں آج پھر سے بیقراری ہے
سینے سینے میں ہلچلوں کا دور جاری ہے
اس انتظار کا عالم نہ پوچھئے ہم سے
لمحہ لمحہ یہ ساری زندگی پہ بھاری ہے - کوئی آنے --
لڑکی:- اپنے سینے میں سلگتے ہوئے ارمان لئے
منتظر بیٹھے تھے ہم پیار کا طوفان لئے
شام غم کس طرح گزری نہ پوچھے ہم سے
یہی کہتے رہے اپنی تڑپتی جان لئے - کوئی آنے --
لڑکا:- کہہ دو بادِ صبا سے اب تو رخ بدلے چلے
نکلے گلشن سے ہمارے تو پھر مچلے چلے
ڈولے ہوں غم اگر آنکھ حسین خوابوں میں
تو ذرا ہو کے چلے اور ذرا سنبھل کے چلے - کوئی آنے -

گانا نمبر ۳

الٰہی تو سن لے ہماری دعا ہمیں صرف اک آسرا ہے تیرا
تیری رحمتیں راہ روشن کریں۔ سلامت رہے سایہ ماں باپ کا
ہم سے لیکر عمر ساری نیند دیدے انہیں درد انکے دے ہمیں
بری یہ گھڑی ٹال دے اے خدا

الہیٰ تو سن لے ہماری دعا

ناز اٹھائے جس نے پالا پیار ہر دم کیا ہوں نہ ہم سے وہ جدا
تو امید کا یہ دیا مت بجھا ۔ الہیٰ تو سن ۔

سوا تیرے میرے مالک میرا کون ہے یہاں بیوفا ہے یہ جہاں
کہیں تو بھی ہمکو نہ دینا بھلا ۔ الہیٰ تو ۔

گانا نمبر ۴:۔ آج ہوا میرا دل متوالا
گاتے چلیں ہم پیار کی سرگم
تو ہی بتا ہمدم میرے ۔ کس نے یہ جادو ڈالا

بھیگی فضائیں ٹھنڈی ہوائیں ہمکو اڑائے چلیں
کانوں میں پیار کا یہ پیغام دئے چلیں
دل میں ہوا اجالا ۔ آج ہوا میرا دل متوالا

خوابوں میں جیسے کھوئے ہوئے تھے آج وہ دن آ گیا
تھی جس کی آرزو دل مراد پا گیا
رنگ نے میرا دل ڈالا ۔ آج ہوا میرا دل متوالا

لڑکا:۔ دامن میں میرے موتی بکھیرے یہ کون دل میں بس
بن کے بہار کون زندگی پہ چھا گیا
خوابوں کو میرے رنگ ڈالا ۔ آج ہوا میرا دل متوالا

گانا نمبر ۵

لڑکی:۔ متوالی آنکھوں والے او البیلے دل والے
دل تیرا ہو رہیگا گر تو اسے اپنا لے

لڑکا: تجھکو شاید دھوکا ہو گیا ۔ سن اے حسین میں وہ نہیں

لڑکی:۔ تو ہے تو محفل میں رنگ ہے تو جو نہیں کچھ بھی نہیں
متوالی آنکھوں والے ــــ
جب سے تجھکو دیکھا نظر مجھے کیا ہوا میرے دلبر
لڑکا:۔ مجھ پہ اپنا جادو نہ چلا۔ کیا میرا من کہیں اور جا
متوالی آنکھوں والے ــــ
میں تیری دنیا میں اجنبی۔ کہیں دور ہے منزل میری
لڑکی:۔ کہہ سن لے دو باتیں پیار کی دنیا تیری محفل تیری
متوالی آنکھوں والے ــــ

گانا نمبر ۶ ــــ
لڑکی:۔ جینے والے مسکرا کے جی خوشی کے جام تو پلا اور پی
خبر کسکو کہ کل کیا ہو۔ ارے یہ دو دن کی ہے زندگی
لڑکا:۔ خوب ہے یہ فلسفہ آپکا، کل کو گولی مارو ارے واہ واہ
خوب ہو تم اور کیا کہتے ہیں تمہاری محفل کے
جینے والے ــــ
لڑکی:۔
ذرا کچھ بچ بچ کے چلو اس راہ پر دھوکہ دے ہی جائیگی تمہاری نظر
ملتی ہے منزل خوب چلتے ہیں دو راہی مل مل کے
جینے والے ــــ
لڑکا:۔ زندگی کیا چیز ہے کیا جانو تم۔ پہلے تو خود کو ہی پہچانو تم
لڑکی:۔ تمہیں دل تم کیا جانو ارمان ہیں کیا دل کے
گانا نمبر ۷۔ گھر آجا گھر آئے بدرا سانوریا
مورا جیا دھک دھک رے چمکے بجریا

لہرا کے آئے ہوا دیو لا بجھا گئے رے
لاگے مورے انگوا بدن کانپ جائے رے
چپکی لے پوچھے کاہے آئے نہ سانوریا ۔ گھر آجا ۔
سُونا سُونا گھر موہے ڈسنے کو آئے رے
کھڑکی پہ بیٹھے بیٹھے ساری رین جائے رے
ٹپ ٹپ منت نیں تو بھیگی رے بانوریا ۔ گھر آجا ۔
کس مس جیارا کسک موری دونی رے
پیاسی پیاسی انکھیوں کی گلیاں ہیں سونی رے
جانے موہے لاگی کس بیرن کی نجریا ۔ گھر آجا ۔

گانا نمبر ۹

لڑکی :۔ وہ آئیں گھر ہمارے خدا کی قدرت ہے
کبھی ہم ان کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے
جیرا کے دل میں رہے ہیں بھولے جیسے کچھ جانتے نہیں
کوئی بتاؤ کہ ہم کریں کیا وہ ہمکو پہچانتے ہیں
ابھی چند روز پہلے پہلی ملاقات میں
کچھ کہہ رہے تھے ہم سے ہاتھ لیکے ہاتھ میں
لڑکیاں :۔ ڈال گئے جادو ہائے جادو بات بات میں
لڑکی :۔
جیرا کے دل ۔
آج بھی سرور چھایا کل بھی سرور تھا
اتنا سا فرق لیکن کہنے کو فرور تھا
لڑکیاں : کل پینے والا میکدہ سے دور دور تھا

لڑکی:-

بُجھا کے دل —

وہ بھی ایک رات پیاری یہ بھی ایک رات ہے
اور ہی تھی بات تب کی آج اور بات ہے
جانے وہ کہاں ہے جو یہاں ہے اور ساتھ ہے
بُجھا کے —

ختم شد

پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول